26دسمبر2022ء

سرکاری وصولیوں/ڈیوٹیوں/ٹیکسوں کی وصولی کے لیے برانچیں 31دسمبر 2022ء کو کھلی رہیں گی

سرکاری وصولیوں/ڈیوٹیوں/ٹیکسوں کی وصولی میں سہولت دینے کی غرض سے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) کے فیلڈ دفاتر اور نیشنل بینک آف پاکستان کی مجاز برانچیں **30 اور 31 دسمبر 2022ء** کو توسیع شدہ بینکاری اوقات میں بالترتیب **رات 8:00 بجے اور رات 10:00 بجے تک** کھلی رہیں گی۔ چنانچہ اس مقصد سے نفٹ کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ **31 دسمبر 2022ء (بروز ہفتہ) رات 8:00 بجے ایک خصوصی کلیئرنگ کا اہتمام** کرے تاکہ ادائیگی کے انسٹرومنٹس کی اُسی روز کلیئرنگ کرائی جاسکے۔

لہٰذا، تمام بینکوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ **31 دسمبر 2022ء (بروز ہفتہ)** اپنی متعلقہ شاخیں اس وقت تک کھلی رکھیں جو نفٹ کی جانب سے حکومتی لین دین کی خصوصی کلیئرنگ میں سہولت دینے کے لیے ضروری ہے۔

******